الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ١٠٦٩٨ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name : **Rizwan**		Serial No : **18682**	
Address : **Karachi, Pakistan**		Date : **2/27/2013**	
Subject : **ZAKAT**		Contact No:	
Writer : عبداللہ اسلم		Email :	

Mai apny ghar ki construction krwa raha hon aur kafi saman odhar pe bhe leya howa hai, jo k mai ne iqsaat mai aada krny hain aur ab meri zakat ada krny ki date aa gye hai. mujhe ye pta krna hai k jo construction ka kaam hogya hai aur os k paisy mai ne ada krny hain to kya on paison pe bhe zakat hoge ya nhe?
Aur ye bhe pochna hai k jis din mujhe zakat nekalni hoti hai agr os din sham mai mazid paisy aa jyn to onhy bhe zakat k liye count karengy?

میں اپنے گھر کی تعمیر کروا رہا ہوں اور کافی سامان اُدھار پے بھی لیا ہوا ہے جو کہ میں نے قسطوں میں ادا کرنے ہیں اور اب میری زکوٰۃ ادا کرنے کی تاریخ آگی ہے، مجھے یہ پتا کرنا ہے کہ جو تعمیر کا کام ہو گیا ہے اور اسکے پیسے میں نے ادا کرنے ہیں تو کیا ان پیسوں پر بھی زکوٰۃ ہوگی یا نہیں ؟

اور یہ بھی پوچھنا ہے کہ جس دن مجھے زکوٰۃ نکالنی ہوتی ہے اگر اُس دن شام میں مزید پیسے آجائے تو انہیں بھی زکوٰۃ کیلئے شمار کرینگے ؟

الجواب حامدًا ومصليًا

مکان کی مد میں جو رقم لی گئی ہے اُس کو منہا کرنے کے بعد باقی مال کی زکوٰۃ اداء کی جائے گی، جبکہ زکوٰۃ کی تاریخ میں اگر مزید رقم آجائے تو اسپر بھی زکوٰۃ لازم ہوگی۔

في الدر: (ذي نصاب فاضل عن حاجته الأصلية) كدينه وحوائج عياله (وإن لم ينم) كما مر اھ (٢/٢٦٠)۔

وفي الهندية: ومن كان له نصاب فاستفاد في إثناء الحول مالا من جنسه ضمه إلى ماله وزكاه سواء كان المستفاد من نمائه أو لا، وبأي وجه استفاد ضمه، سواء كان بميراث أو هبة أو غير ذالك۔ اھ (١/١٧٥)۔ والله أعلم بالصواب

كتبه

عبد الله أسلم عفي عنه وعن والديه

دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی

١٧ صفر المظفر ١٤٣٥ ہجریہ

الجواب صحيح

بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

١٧ صفر المظفر ١٤٣٥ھ

الجواب صحيح

بندہ سیف [illegible]

دار الافتاء جامعہ بنوریہ [illegible]

١٧ صفر المظفر ١٤٣٥ھ

دار الافتاء ١٨٦٨٢ ١٤٣٥/٢/٢٤ھ

نائب رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

26/12/013